**Pakistan Tehreek-e-Insaf**

**Central Media Department**

## پاکستان تحریک انصاف کی بانی چیئرمین عمران خان اوران کی اہلیہ کے خلاف جھوٹے اور بیہودہ عدّت کیس کو بلاجواز تاخیر کا شکار کرنے کی شدید مذمت

عدالت سے عدت کیس میں سزا معطلی کی درخواست کو جلد از جلد سماعت کیلئے مقرر کرکے بیہودہ نوعیت کے مقدمے کو منطقی انجام تک پہنچانے کی استدعا

بانی چیئرمین عمران خان اوران کی اہلیہ فوری رہائی کے مستحق ہیں، انصاف کی فراہمی کے عمل کو سست روی کا شکار کرکے صریح ناانصافی کی بھینٹ چڑھایا جارہاہے، ترجمان تحریک انصاف

عدت کیس انسانی تاریخ کا سب سے بھونڈا اور بیہودہ ترین مقدمہ ہے جس میں نکاح جیسے مقدس رشتے کو مخالفین کو بدترین سیاسی انتقام کا نشانہ بنانے کیلئے استعمال کیا گیا، سیاسی محرکات پر مبنی ایک گھٹیا مقدمہ کے ذریعے انصاف کے پورے نظام سمیت مذہبی واخلاقی اقدار کی دھجیاں اڑائی جارہی ہیں،

بانی چیئرمین اوران کی اہلیہ کو سیاسی انتقام کا نشانہ بنانے اور ناحق قید میں رکھنے کیلئے قانون وضوابط کی دھجیاں اڑا کر دس گنا رفتار سے ٹرائلز کئے گئے اور سزائیں سنائی گئیں، عدت کیس میں پراسیکیوشن اور درخواست گزار کی جانب سے عدالت کو ایک منصفانہ فیصلے سے روکنے کیلئے جج پر اعتراض سے لیکر عدالت کا وقت ضائع کرنے تک ہر شرمناک حربہ استعمال کیا گیا، پراسیکیوشن کیجانب سے مسلسل مزاحمت کے باوجود نہایت سست روی سے ٹرائل مکمل کرکے فیصلہ محفوظ کیا گیا اور فیصلہ سنانے کی بجائے کیس دوسری عدالت کو منتقل کردیا گیا، عدّت کیس کے ٹرائل کی تکمیل پر اسے نئی عدالت منتقل کرنا سراسرا غیر آئینی، غیر قانونی اور منصفانہ ٹرائل کے ساتھ ایک سنگین مذاق ہے، ترجمان تحریک انصاف

ایک مرتبہ پھر ایک بے حمیّت شخص مقدمے کی کارروائی کی راہ میں رکاوٹیں کھڑی کرنے اور عدالت کو فیصلے سے روکنے کیلئے گھٹیا حربوں کا سہارا لے رہاہے، عدلیہ لاقانونیّت اور سیاسی انتقام کے مکروہ سلسلے کو کندھا فراہم کرنے کے بجائے آئین وانصاف کے ساتھ کھڑی ہو، مقدمے کا فیصلہ سنایا جائے اور بانی چیئرمین عمران خان اورانکی اہلیہ کو فی الفور رہا کرے، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ